Pakistan Tehreek-e-Insaf
Central Media Department

پاکستان تحریک انصاف کی صنم جاوید اور عالیہ حمزہ کو ایک اور جھوٹے مقدمے میں گرفتار کرنے کی شدید مذمت

مینڈیٹ چور سلیکٹڈ وزیر اعلیٰ کی تسکین کیلئے نہتی خواتین کو مسلسل ریاستی بربریت اور انتقام کا نشانہ بنایا جا رہا ہے، ترجمان تحریک انصاف

تحریک انصاف کی مقبولیت سے لرزتے عناصر دو نہتی خواتین سے اس قدر خوفزدہ ہیں کہ ان کی گرفتاری ریاست کی ترجیحات کا محور بن چکی ہے، ترجمان تحریک انصاف

10 ماہ سے جیل میں ناحق قید خواتین کی رہائی کے احکامات کے بعد نئے سرے سے جھوٹے مقدموں میں گرفتاری پر عدلیہ کی خاموشی کئی سوالات کو جنم دے رہی ہے، دو خواتین کو بغیر شواہد کے ایک کے بعد دوسرے شہر کی پولیس کی جانب سے گرفتار کیا جانا آئین اور قانون کے ساتھ کھلواڑ کا واضح ثبوت ہے، ترجمان تحریک انصاف

ذہنی و اخلاقی پستی کا شکار جعلی وزیر اعلیٰ کی ایما پر جھوٹے مقدمات کی آڑ میں تحریک انصاف کی نہتی خواتین کے تحفظ و سلامتی کو خطرات لاحق کیے جا رہے ہیں، ترجمان تحریک انصاف

عدلیہ سے استدعا ہے کہ جیل میں ناحق قید خواتین کے بنیادی حقوق کے تحفظ کیلئے اپنا آئینی کردار ادا کرے، ترجمان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ